بینک دولت پاکستان
شعبہ اسلامی مالیات پالیسی
آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی

آئی ایف پی ڈی سرکلر لیٹر نمبر 03 برائے 2026ء — 16 جون 2026ء

اسلامی بینکاری شاخیں رکھنے والے تمام روایتی بینکوں اور
اسلامی آپریشنز کے حامل تمام مائکرو فنانس بینکوں کے
صدور / چیف ایگزیکٹوز،

محترم / محترمہ،

**روایتی بینکاری برانچوں کو اسلامی برانچوں میں تبدیل کرنے کے عمل میں سہولت**

براہِ کرم اس موضوع پر شعبہٴ اسلامی مالیات پالیسی (آئی ایف پی ڈی) کا سرکلر نمبر 05 برائے 2024ء ملاحظہ فرمائیں۔

2۔ روایتی برانچوں کی اسلامی برانچوں میں تبدیلی کے عمل میں بینکاری صنعت کی مزید سہولت کے پیشِ نظر، موجودہ معیارات میں درج ذیل ترامیم کا فیصلہ کیا گیا ہے:

i۔ روایتی برانچوں کی تبدیلی کے بارے میں عوام الناس اور اکاؤنٹ ہولڈرز کو مطلع کرنے کے لیے مقررہ مدت کو ساڑھے 3 ماہ سے کم کرکے 2 ماہ کردیا گیا ہے۔

ii۔ آئندہ سے کرنٹ اکاؤنٹس کو اس بنیاد پر بھی تبدیل کیا جاسکے گا کہ اکاؤنٹ ہولڈر نے جاری کردہ نوٹسز پر کوئی جواب نہیں دیا۔ جواب نہ ملنے کو اکاؤنٹ ہولڈر کی رضامندی سے تعبیر **(Deemed Acceptance)** کیا جائے گا۔ جاری کیے گئے دو نوٹسز کا درمیانی وقفہ 30 دن سے کم کرکے 15 دن کردیا گیا ہے۔

3۔ درج بالا موضوع پر، نظر ثانی شدہ معیار ضمیمہ-I کی صورت میں منسلک ہے۔ یہ تبدیلیاں فوری طور پر نافذ العمل ہوں گی۔ تاہم، اس موضوع پر جاری کردہ دیگر تمام ہدایات جوں کی توں رہیں گی۔

4۔ براہِ کرم اس مراسلے کی وصولی سے مطلع فرمائیں۔

**منسلکہ:** ضمیمہ-I

آپ کا مخلص

**ڈاکٹر زاہد الرحمٰن کھوکھر**
ڈائریکٹر